تَعَلَّمُوا الفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ فَإِنَّهُ نِصْفُ الْعِلْم

(ابن ماجہ)

فرائض کو سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ بیشک وہ نصف علم ہے

تقسیمِ میراث

محمد ایوب ندوی

استاذ حدیث و فقہ جامعہ اسلامیہ بھٹکل

مکتبہ الحسنا (دہلی)

ا

سلسلہ مطبوعات ۱۸۳ مکتبہ الحسنات، دہلی

TAQSEEM-E-MEERAS

(Mohd. Ayyub Nadvi)

ISBN 81-85729-02-6

ایڈیشن 2012

ناشر:۔

عبد المالک فہیم

مکتبہ الحسنات، دہلی™

3004/2، سرسید احمد روڈ، دریا گنج نئی دہلی ۔ 110002
فون:۔ 23271845 فون وفیکس 011-4156 3256
E-mail:alhasanatbooks@rediffmail.com
faisalfaheem@rediffmail.com

یہ کتاب مندرجہ ذیل پتہ سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے

مکتبہ جامعہ اسلامیہ

دارالعلم ۳۱۔ محمد علی روڈ بھٹکل ۵۸۱۳۲۰ (این۔ کے)

مطبوعہ

ایچ۔ ایس۔ آفسیٹ پریس، دریا گنج، نئی دہلی۔۲

قیمت

₹ 60/-

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مؤلف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن و الصَّلٰوۃ و السَّلَامُ عَلٰی سید نا محمد خاتم الانبیاء و المرسلین وعلیٰ آلہٖ وصحبہ اجمعین۔ اما بعد۔

ائمہ اربعہ کے متبعین نے علم الفرائض پر بے شمار مختصر و مفصل کتابیں تصنیف فرمائی ہیں بالخصوص علماء شوافع نے فرائض پر بہت کام کیا ہے عموماً فقہا نے اپنی کتب فقہیہ میں مسائلِ میراث کو کتاب الفرائض کے نام سے تحریر فرمایا ہے اس کے علاوہ بھی اس پہ مستقل کتابیں لکھی گئی ہیں مثلاً کتاب الترتیب، فتح القریب المجیب، التحفۃ الخیریہ، متن الرحبیۃ وغیرہ۔ ان تمام کتب میں الفوائد الشنشوریہ بہت مقبول و معروف ہے۔

اور علماء احناف نے بھی عربی میں بہت سی مفید کتابیں تصنیف کی ہیں مثلاً فرائض صنعانی، فرائض طحاوی وغیرہ اور اردو میں بھی قابل قدر خدمات انجام دی ہیں لیکن ہندوستان میں شوافع کی ایک معتدبہ تعداد ہونے

کے باوجود فقہ شافعی پر کام بہت کم ہوا، خاص طور پر علم الفرائض پر اب تک میری دانست میں کوئی مستقل کتاب نہیں لکھی گئی۔

بندہ کو زمانۂ تدریس میں اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ علم الفرائض پر ایک ایسی مختصر کتاب ترتیب دی جائے جس میں مسلک شوافع کی وضاحت کے ساتھ احناف کے مسلک کو بھی پیش کیا گیا ہو۔ یہی احساس اس کتاب کی تدوین کا باعث و محرک ہے۔

علم الفرائض دیگر علوم فقہیہ کے مقابلہ میں کچھ مشکل ہے۔ اس لئے کہ فرائض کی بنیاد علم حساب پر ہے اگر حساب سے کوئی شخص واقف ہو تو اس کے لئے اس علم کا سمجھنا اور سمجھانا دونوں آسان ہے اسی وجہ سے بعض حسابی چیزوں کو الگ سے باب باندھ کر سمجھایا گیا ہے۔

اس کتاب میں حتی الامکان اختصار سے کام لیا گیا ہے ساتھ ہی طلبہ کے لئے مشقیں اور آخر میں اس کے جوابات بھی دیئے گئے ہیں۔

اس کتاب کے اکثر مسائل التحفۃ الخیریۃ علی الفوائد الشنشوریۃ فی شرح المنظومۃ الرحبیۃ سے ماخوذ ہیں لہذا اس میں ماخوذہ مسائل کا حوالہ نہیں ہے نیز العذب الفارض، فتح القریب المجیب، فتح المعین، اعانۃ الطالبین، سراجی، ضیاء الفرائض اور تحفۃ المحتاج سے بھی استفادہ کیا گیا ہے اور ساتھ ہی ان کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔

اے اللہ تو ان حضرات کو جزائے خیر عطا فرما جن کے طفیل ناچیز کو

علم کی دولت ملی اور ان تمام حضرات کو بھی دنیا و آخرت کی کامیابیوں سے نواز دے جنھوں نے اس کی تالیف میں بندہ کا تعاون کیا۔ خصوصًا جناب مولانا محمد برہان الدین صاحب سنبھلی استاذ تفسیر وحدیث دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ جنھوں نے اپنی بے حد مصروفیت کے باوجود مسوّدہ کا مطالعہ فرمایا اور اپنے بیش بہا و قیع علمی مقدمہ سے کتاب کو زینت بخشی فجزاہُ اللّٰہُ خیر الجزاء۔ اور محترم مولانا شہباز صاحب اصلاحی جنھوں نے تقریبًا پوری کتاب کو حرف بحرف دیکھا اور اس کی اصلاح فرمائی، اللہ ان کو فلاح دارین سے سرفراز فرمائے۔ میں جناب عبد المالک فہیم صاحب کا بہت مشکور ممنون ہوں جنھوں نے اس کتاب کی نشر و اشاعت کا کام بحسن وخوبی انجام دیا۔

اے اللہ تیرے ہی فضل وکرم سے یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچا ہے تو اس کو قبول فرما اور اس کے نفع کو تا قیامت عام فرما اور اس کی خامیوں سے درگذر فرما۔

اے اللہ تو اس کے مرتب، والدین، اساتذہ، مشائخ، طابع و ناشر اور اس کے پڑھنے پڑھانے والوں اور ان کے حق میں دعائے خیر کرنے والوں اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

الِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

محمد ایوب ندوی
۱۳؍شوال ۱۴۰۹ھ
جامعہ اسلامیہ بھٹکل

⁂

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ الامین محمد واٰلہ وصحبہ اجمعین۔

اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ دین اسلام میں انسانی احساسات اور طبعی رجحانات اور فطری تقاضوں کی جیسی اور جتنی رعایت کی گئی ہے اس کی نظیر کسی بھی دوسرے مذہبی یا غیر مذہبی، وضعی یا غیر وضعی قانون میں ملنی نہ صرف دشوار بلکہ ناممکن ہے، یہ خالی دعویٰ یا خوش عقیدگی پر مبنی بے بنیاد خیال نہیں بلکہ دلائل وشواہد سے ثابت شدہ ایک حقیقت ہے، جس کی صداقت کوئی بھی انصاف پسند جب چاہے شرعی احکام کا غیر جانبدارانہ وحقیقت پسندانہ گہرا مطالعہ کر کے معلوم کر سکتا ہے۔

اسلام کے وسیع اور جامع نظام میں صرف انسان کی محدود زندگی کے ہی واسطے عادلانہ وحکیمانہ قوانین عطا نہیں کئے گئے ہیں بلکہ اس عارضی حیات کے خاتمہ کے بعد کے لئے بھی احکام وضوابط دیئے گئے

ہیں (جن کے نافذ کرنے کی ذمہ داری ظاہر ہے کہ) زندہ لوگوں پر ڈالی گئی ہے) اس کی ایک اہم مثال ترکہ و میراث کے نہایت وسیع اور جامع نظام میں ملتی ہے جو تمام اسلامی قوانین کی طرح بیحد متوازن اور عادلانہ اصول پر قائم ہے۔

اس نظام (قوانین میراث) کے متوازن اور منصفانہ ہونے کا صحیح اندازہ کچھ اس وقت ہوسکتا ہے جب اس کا دوسرے مذاہب اور ممالک کے، نیز زمانۂ جاہلیت میں رائج۔ نظامہائے ترکہ سے موازنہ کیا جائے۔

زمانۂ جاہلیت

عرب کے اندر زمانۂ جاہلیت میں ترکہ پانے کا اصل سبب یا یوں کہہ لیجئے کہ استحقاق ترکہ کا بنیادی اصول۔ رجولیت اور قوت تھا، اس لئے عورتوں کو مطلقاً۔ اور ضعفاء (بچوں کو) خواہ وہ جنس ذکور ہی سے کیوں[1] نہ ہوں، ترکہ کا مستحق نہیں سمجھا جاتا تھا۔ جیسا کہ بہت سے قابلِ اعتماد اور مستند علماء نے نقل کیا ہے، مثلاً مشہور مفسر قرآن ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی (ف ۶۷۱ھ) نے بیان کیا ہے

وکانت الوراثة فی الجاهلیة بالرجولیة والقوة"[2]

---

[1] نرینہ اولاد (لڑکے) [2] تفسیر قرطبی (الجامع لاحکام القرآن ۵/ ۴۷۔ دار الکاتب العربی للطباعة والنشر ۱۳۸۷ھ۔ اور احکام القرآن ص ۵، ج ۲ للامام ابی بکر الجصاص (ف ۳۷۰ھ) میں ہے "فامّا ما یستحق بالنسب فلم یکونوا یورثون الصغار ولا الاناث و انما یورثون من قاتل علی الفرس وحاز الغنیمة (مطبوعہ دار الکتب العربی بیروت)

جاہلیت کے اس اصول و رواج کا پتہ ان روایات سے بھی چلتا ہے جو عام طور پر آیاتِ میراث کا شانِ نزول بتانے کے لئے کتبِ تفسیر میں ذکر کی گئی ہیں، مثلاً تفسیر طبری میں ہے کہ ایک خاتون نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ:۔

یا رسول اللہ! توفی زوجی وترکنی وابنته فلم نورث، فقال عم ولدها یا رسول اللہ لا ترکب فرسا ولا تحمل کلا ولا تنکأ عدوا۔[1]

اے اللہ کے رسولؐ: میرے شوہر کا انتقال ہوگیا اس کے بعد میں اور اس کی بیٹی (وارث) زندہ ہیں لیکن ہمیں ترکہ سے محروم رکھا جارہا ہے، اس پر میت کا بھائی بولا کہ اے اللہ کے رسولؐ! یہ عورت (اور اس کی بیٹی) نہ تو گھوڑے پر سوار ہو سکتی ہے، نہ بوجھ اٹھا سکتی ہے اور نہ کسی دشمن کو زک پہنچا سکتی ہے۔

حالانکہ عقل عام کا تقاضا تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ترکہ پانے کے سب سے زیادہ مستحق ضعفاء اور عورتیں ہی ہونی چاہئیں کیونکہ بچے اپنے ضعف اور عورتیں اپنی صنفی نزاکت کی وجہ سے عموماً خود کسبِ معاش

---

[1] تفسیر طبری ۴ / ۲۷۴ مطبوعہ مصطفی البابی الحلبی و اولادہ، بمصر تالیف امام جعفر محمد بن جریر الطبری (ف ۳۱۰ ھ)

کے اہل نہیں ہوتے، ایسی صورت میں وہ اپنے مورث، جو عموماً سرپرست
اور ان ضعیف و نازک ورثہ کے اخراجات کا ذمہ دار بھی ہوتا ہے۔ کی
وفات کے بعد اس کے ترکہ میں سے کچھ پانے کا استحقاق چھین لئے
جانے کے سبب بسا اوقات ضروریاتِ زندگی تک سے محروم ہوجاتے
ہیں اس کے نتیجہ میں بھوک اور پیاس سے تڑپ کر ہلاک ہوجانے کے
خطرہ سے دوچار ہوجانے کے علاوہ ان کے سامنے کوئی اور راہ نہیں
رہ جاتی، چنانچہ قاضی ابوبکر ابن العربی (ت ۵۴۳ھ) نے ٹھیک ہی
کہا ہے:

"ان الورثة الصغار الضعاف كانوا احق بالمال
من القوى، فعكسوا الحكم وأبطلوا الحكمة فضلوا
بأهوائهم وأخطاؤا في آرائهم۔[1]

کمزور، کم عمر ورثہ تو قوی وارثوں کے مقابلہ میں مال کے اور
زیادہ مستحق ہوتے ہیں، لیکن انھوں نے (جاہلیت کے زمانہ
میں) معاملہ کو بالکل الٹ دیا اور حکمت کو نظر انداز کیا جس
کے نتیجہ میں وہ گمراہ ہوئے اور خواہشِ نفس کا شکار بنے۔

یہودی مذہب

یہودیوں کے یہاں اصلاً تو خداوندی قوانین (جو حضرت موسیٰ علیہ السلام

---

[1] احکام القرآن لابن العربی ص۱۲۶ الطبعۃ الاولیٰ۔ مطبعۃ السعادہ۔ مصر

کے ذریعہ دیئے گئے تھے)۔ پر ترکہ کے احکام مبنی ہونے چاہیئے تھے لیکن تحریف کے بعد اب اس کی جو شکل ہے اس میں بنیادی طور پر "مرد ہونا" ہی ترکہ کا استحقاق پیدا کرتا ہے، عورتیں عموماً محروم رہتی ہیں جیسا کہ ڈاکٹر محمد یوسف موسیٰ مصری نے اپنی گرانقدر تالیف "الترکۃ والمیراث فی الاسلام" میں یہودی اصولِ وراثت کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے :

وعماد الأسرة عندهم هو الرجل بصفة عامة ولهذا لاحظ فى شريعتهم للمرأة من الميراث سواء كانت أما أو زوجة او بنتا أو اختا للمتوفى [1]

عام طور پر کنبہ میں بنیادی حیثیت اور سربراہی مرد کو ہی حاصل ہوتی ہے اس لئے ان کی شریعت میں عورت کا میراث میں کوئی حق نہیں ہوتا، خواہ عورت ماں ہو، بیوی ہو، بہن ہو، یا بیٹی ہو (مرنے والے کی) ...

اس بارے میں ستم ظریفی کی حد یہ ہے کہ شوہر تو اپنی بیوی کا ترکہ پاتا ہے لیکن بیوی اپنے شوہر کے ترکہ سے محروم ہی رہتی ہے ـــــ مزید یہ کہ بڑا لڑکا، چھوٹے لڑکوں کے مقابلہ میں اپنے باپ کے ترکہ میں دوہرا

---

[1] الترکۃ والمیراث فی الاسلام ص۱۲ (مطبعۃ المعرفۃ)

استحقاق رکھتا ہے[1]۔ حالانکہ پہلے یا بعد میں پیدا ہونا محض قدرتی اور غیر اختیاری چیز ہے، لیکن یہ بھی ان کے یہاں بڑے کو چھوٹے پر امتیاز بخش دیتی ہے۔ اگر پہلے یا بعد میں پیدا ہونے پر کسی امتیاز کی گنجائش ہوتی تو برعکس شکل میں ہونی چاہیئے تھی۔ یعنی چھوٹے کو شفقت کا زیادہ استحقاق رکھنے کی بنا پر۔ زیادہ مقدار کا حق دار ہونا چاہیئے تھا۔

رومن لا

رومن لا، جس کے "مبنی بر انصاف" ہونے کی مغربی ملکوں میں دھوم مچی ہوئی ہے اسی بنا پر مدتوں تک تقریباً سارے مغرب کا وہ سرکاری قانون بھی رہا ہے اور کچھ حصے اب تک رائج ہیں اور جسے ساری دنیا کا معلم قانون قرار دینے کی صدا اس قوت سے لگائی گئی کہ اس کی گونج مشرق بعید تک اتنی زور سے پہنچی یا (پہونچائی گئی) کہ اچھے اچھے اسے واقعی حقیقت باور کرنے لگے، اس "مبنی بر انصاف" لا، میں شادی شدہ لڑکیاں اپنے باپ کے ترکے سے محروم قرار دی گئی ہیں، عورتوں کی محرومی اسی پر ختم نہیں ہو جاتی بلکہ اس "منصفانہ" قانون میں ایک "انصاف" عورتوں کے ساتھ یہ کیا گیا کہ (کنبہ کے سربراہ) مرد کو یہ حق بھی دے دیا گیا ہے کہ وہ اپنے کنبہ کے افراد کو (جن میں عورتیں شامل ہیں) فروخت تک کر سکتا ہے بلکہ ان کی موت وحیات کا فیصلہ

---

[1] التركة والميراث في الاسلام ص۱۲ (مطبعة المعرفة)

بھی کر سکتا ہے اور انھیں ترکہ سے محروم بھی رکھ سکتا ہے۔ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ کنبہ کے بقیہ افراد کی حیثیت غلاموں بلکہ جانوروں جیسی ہوتی ہے! چنانچہ بیوی اپنے شوہر کے ترکہ سے محروم رکھی جاتی ہے[1]۔

مزید ستم ظریفی یہ ہے کہ لڑکا چاہے نکاحی عورت سے پیدا ہوا ہو یا بدکاری کے نتیجہ میں دونوں شکلوں میں وارث بنتا ہے[2]۔

ہندوستان

اصلی ہندو قانون وراثت میں نہ صرف عورتیں ترکہ سے محروم رہتی ہیں بلکہ بڑے لڑکے کے علاوہ بقیہ سب لڑکے بھی محروم رہتے ہیں جیسا کہ "منوسمرتی" میں ہے "ماں باپ کی تمام دولت کو بڑا بیٹا ہی لیوے[3]۔"

اسلام کا نظام وراثت

ان چند غیر اسلامی اصول و قوانین کی ایک جھلک دیکھنے کے بعد آئیے خالقِ حقیقی کے عطا کردہ نظامِ وراثت کی طرف۔ اور اس کا بنظرِ غائر مطالعہ کرنے کے بعد سوچئے کہ حقیقی انصاف و توازن اس میں ہے یا ان میں؟ اسلامی نظام وراثت کی بنیاد جیسا کہ امام غزالیؒ (ف ۵۰۵ھ) نے لکھا ہے۔ نسب[4] اور سبب پر ہے، چنانچہ اس نظام

---

[1] التركة والميراث في الاسلام [2] التركة والميراث في الاسلام

[3] منوسمرتی (اردو ترجمہ ص۱۸۱) مطبوعہ تاراچند چھپیر، تاجر کتب لاہوری دروازہ لاہور

[4] نسب سے مراد خونی رشتہ یعنی قرابت ہے، چنانچہ جو جتنا مورث (بقیہ حاشیہ ص۱۷)

کے اندر کسی حال میں بھی[۱] ترکہ سے محروم نہیں کیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سی صورتوں میں پوتی، دادی، نانی بہن (کی تینوں قسمیں حقیقی علاتی، اخیافی) بلکہ بعض صورتوں میں پھوپی اور نواسی بھی ترکہ پانے کا استحقاق رکھتی ہیں اور پھر یہ کہ عمر میں کم یا زیادہ ہونے سے ترکہ کی مقدار میں کوئی فرق نہیں کیا جاتا، جس مقدار کا مستحق بڑا لڑکا ہوتا ہے اسی کا چھوٹا لڑکا بھی، کیونکہ جب سبب میں دونوں برابر ہیں تو قدر کے فرق کو غیر منصفانہ ہی کہا جائے گا (بلکہ دیکھا جائے تو جیسا کہ پہلے بھی کہا گیا ہے۔ چھوٹا۔ چونکہ شفقت کا زیادہ مستحق ہوتا ہے، اسی

(بقیہ حاشیہ صلا) سے قریبی رشتہ رکھتا ہے اتنا ہی ترکہ پانے میں مقدم رہتا ہے، اور سبب سے مراد شادی بیاہ کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا... زوجین کے درمیان تعلق ہے، اسی بنا پر بیوی سے شوہر کو اور شوہر سے بیوی کو ترکہ پانے کا حق ملتا ہے، سبب کے اندر بعض اور امور بھی داخل ہیں۔ یہاں اختصاراً مزید تفصیل پیش نہیں کی جارہی ہے اس کے لئے دیکھئے امام غزالیؒ کی کتاب "الوجیز صـ۲۶ ج۱ (مطبعۃ الادب والمؤید ۱۳۱۷ھ) نیز دیگر کتب فرائض اور راقم الحروف کی کتاب "معاشرتی مسائل" کا باب پوتے کی وراثت

[۱] اس سے دو حالتیں۔ رق اور کفر مستثنیٰ ہیں، یہ حالتیں مرد کو بھی ترکہ سے محروم کر دیتی ہیں۔

لئے اگر تفاوت روا رکھا گیا ہوتا تو چھوٹے کا ترکہ زیادہ ہوتا بہ نسبت بڑے کے۔

ایک سطحی اعتراض

اسلامی وراثت پر بعض نادان (یا معاندین) ایک سطحی اعتراض یہ کرتے ہیں کہ "اسلامی قانون وراثت میں عورتوں کو مردوں سے آدھا ترکہ ملتا ہے اور یہ بات مرد و عورت کی مساوات کے خلاف ہے"۔ راقم نے مرد و زن پر، نیز خاص اس مسئلہ پر اپنی کتاب "معاشرتی مسائل" میں سیر حاصل بحث کی ہے۔ تفصیل کے طالب اسے دیکھیں۔ یہاں اسی سے بعض اقتباسات (معمولی تغیر کے ساتھ) پیش کئے جا رہے ہیں۔

اس اعتراض کا سبب اسلامی قوانین کے تمام پہلوؤں کا معترضین کے سامنے نہ ہونا ہے ورنہ انھیں معلوم ہونا چاہیئے تھا کہ عورت کو ترکہ کی جو مقدار بھی مل رہی ہے وہ شاید کبھی کسی اتفاقی اور ہنگامی ضرورت میں کام آتی ہو تو آجاتی ہو ورنہ اکثر رکھی ہی رہ جاتی اور "بینک بیلنس" بڑھانے کا سبب بنتی ہے، اس لئے یہ سمجھنا غالباً بیجا نہ ہوگا کہ شریعت نے ترکہ میں عورت کا حصہ مقرر کرکے در اصل اس کی دلجوئی اور قدر افزائی فرمائی ہے اور معاشرہ میں اس کا مقام بلند کیا ہے، ورنہ شرعی قوانین

---

[1] اس فرق کی مزید حکمتیں جاننے کیلئے دیکھئے حجۃ اللہ ص ۹۵ ج ۲ مطبوعہ مطبع خیریہ، مصر۔

پر مکمل طور سے عمل کئے جانے کی صورت میں عورت کے سامنے کوئی بھی مرحلہ ـــ بعض استثنائی اور مجبوری کی حالتوں کو چھوڑ کر۔ ایسا نہیں آتا جس میں اسے کسی کے نفقہ کا۔ حتیٰ کہ خود اپنے نفقہ کا بھی۔ شرعًا بار اٹھانا پڑتا ہو۔ اور پھر یہ امر مستزاد ہے کہ وہ نکاح کرتی ہے تو شوہر سے مہر لینے کی بھی حقدار بنتی ہے ـــ اس کے برخلاف مرد کی حالت یہ ہے کہ سنِ بلوغ اور کسبِ معاش کی قدرت آنے کے ساتھ ہی نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں (مثلاً بیوی اور بعض صورتوں میں والدین نیز دیگر اقارب) کی ضرورتوں کا پورا کرنا بھی اس کے ذمہ ہو جاتا ہے، اور شادی کر لینے کے بعد نہ صرف یہ کہ بیوی کے تمام اخراجات ہی اس کے ذمہ عائد ہو جاتے ہیں بلکہ مہر۔ جو اکثر بڑی رقم ہوتی ہے۔ بھی اس پر لازم ہوتا ہے[1]

شرعی قانون کے ان تمام گوشوں پر نظر ڈالنے کے بعد۔ عورت کا ترکہ میں مرد سے آدھا حصّہ ہونے پر۔ کوئی بھی انصاف پسند اعتراض نہیں کر سکے گا (اسی طرح کے ایک دو مہمل اعتراضات اور کئے جاتے ہیں جن کے جوابات بھی بکثرت دیئے جا چکے ہیں خود راقم نے بھی مذکورہ کتاب میں دیئے ہیں تفصیل کے طالب اسے دیکھیں۔

---

[1] معاشرتی مسائل ص ۱۷۹۔ ۱۸۱ شائع کردہ مجلس تحقیقات ونشریات اسلام ندوۃ العلماء لکھنؤ پوسٹ بکس ۹۳

قانون میراث کی حیثیت

یہاں یہ بتانا بھی بے محل نہ ہوگا کہ میراث کا قانون اور اس کے مطابق مستحق ورثہ پر ترکہ تقسیم کرنے کا حکم، رضا کارانہ نہیں بلکہ وجوبی اور لازمی ہے جس پر عمل کرنا شریعت کے دیگر لازمی قوانین کی طرح واجب اور ضروری ہے۔ اس کی خلاف ورزی آخرت میں سخت سزا کی موجب ہونے کے علاوہ دنیا میں بھی نقصان رساں ہوتی ہے۔ (ہندوؤں کی نقل میں) مسلمانوں کے اندر بھی لڑکیوں کو غیر معمولی جہیز دینے اور "تلک" کی جو رسم مصیبت بلکہ عذاب بن کر نازل ہو رہی ہے بعید نہیں کہ وہ بھی ترکہ کی صحیح شرعی تقسیم نہ کرنے یعنی لڑکیوں اور بہنوں کو اس سے محروم کرنے کا ہی ایک نتیجہ ہو! اس کے علاوہ ایسی ناانصافی ہمیشہ خیر و برکت سے محرومی اور اکثر نزاع وجدال (لڑائی جھگڑوں) کا سبب بنتی ہے، کسی مستحق کو ترکہ سے محروم رکھنا شرعًا ایسا ہی ہے جیسا کہ کسی کا مال ناحق غصب کر لینا یا چھین لینا چنانچہ قرآن مجید میں احکام میراث بیان کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے:

فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا۔ [۱]

(یہ اللہ کی طرف سے مقرر کردہ لازمی حکم ہے اللہ تعالیٰ بہت جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

---

[۱] سورۃ النساء آیت-۱۱

ایک سنگین جرم ترکہ کے قانون کی پامالی

لیکن کس قدر تعجب بلکہ صدمہ کی بات ہے ان قوانین کو شریعت خداوندی ماننے کا دعویٰ کرنے والے بہت سے افراد بھی ان کی اس طرح خلاف ورزی کرتے اور انھیں پامال کرتے ہیں کہ نسلوں پر نسلیں اس جرم میں مبتلا رہتے ہوئے گزر جاتی ہیں مگر وہ ذرہ برابر بھی خدا کا خوف اور آخرت کی بازپرس کے خطرہ کی پرواہ نہیں کرتے، مزید حیرت اس پر ہے کہ مجموعی طور پر دیندار اور پابند شرع کہے جانے والے بعض لوگ بھی بلاتکلف اس قانونِ شرعی کے خلاف عمل پیرا ہوتے ہیں اور ان میں بہت سے لوگوں کو شاید اس بات کا احساس بھی نہیں ہوتا کہ ترکہ کے مستحق افراد کو مثلاً بہنوں کا حصّہ نہ دے کر ظلم کیا جارہا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب حکیم میں ترکہ کے احکام بیان فرمانے کے بعد متصلاً یہ بھی فرمایا ہے:

تِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ .... وَمَنْ يَّعْصِ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ[1]

یہ (احکام میراث بھی) اللہ کی طرف سے مقرر کردہ حدود ہیں.... اور جو بھی اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی اور اس کی مقرر کردہ حدود پامال کرے گا اسے اللہ تعالیٰ آگ میں داخل

---

[1] سورۃ النساء آیت ۱۳، ۱۴

کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے نہایت

(تکلیف دہ اور) اہانت والا عذاب ہے۔"

ان آیات پر ایمان حقیقی جسے نصیب ہو وہ یقیناً خلاف ورزی کرنے والا نہ بنے گا اور کسی مستحق میراث کا حق دبانے کی جرأت نہ کر سکے گا۔[1]

قانون میراث کی خلاف ورزی سے اعمال حسنہ سوخت ہونے کا خطرہ

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ (ف ۷۷۴ھ) جو عظیم مفسر ہونے کے ساتھ بڑے محدث بھی تھے۔ نے ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے متعدد احادیث بھی نقل کی ہیں، ان میں ایک یہ ہے جسے ترمذی وغیرہ کے حوالے سے ذکر کیا ہے:۔

ان الرجل ليعمل أو المرأة بطاعة الله

---

[1] چنانچہ جن حضرات کو اللہ تعالیٰ نے ایسا یقین عطا کیا، انھوں نے نہ صرف اپنی جانب سے اس میں کوئی سستی گوارہ نہیں کی بلکہ اپنے مورثین میں کسی کی طرف سے اس بارے میں کوتاہی کے امکان و احتمال کی تلافی کی بھی کوشش کی، جیسا کہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے حالات میں ملتا ہے کہ موصوف کو اس بات کا شبہ ہو گیا تھا کہ ان کے والد مرحوم سے اس بارے میں کچھ فروگذاشت ہو گئی ہے تو اس کی تلافی کے لئے حضرت حکیم الامت نے کس قدر محنت و کوشش فرمائی وہ ایک قابل نمونہ چیز ہے تفصیل کے لئے دیکھئے، "اشرف السوانح" اور "تجدید دین کامل" از: مولانا عبد الباری ندویؒ۔

ستين سنة ثم يحضرهما الموت فيضران في الوصية فتجب لهما النار (رواہ ترمذی وابن ماجہ)[1]

"مطلب یہ ہے کہ اگر کسی مرد یا عورت نے ساٹھ سال تک بھی مسلسل خدا کی اطاعت وفرمانبرداری میں گزارے ہوں لیکن مرتے وقت (خلاف اصول شرع) کسی کو کچھ دینے کی وصیت کردی تو اس کی ساری طاعت وعبادت اکارت ہو جائے گی اور اسے جہنم میں داخل کیا جائے گا۔"

مقام غور بلکہ جائے خوف ہے کہ ساٹھ ستر (ایک روایت میں ستر کا بھی ذکر ہے) سال مسلسل عبادت واطاعت کرنے والا بھی اگر قانون ترکہ و وصیت کی خلاف ورزی کرے تو اس کے لئے ایسی شدید وعید آئی ہے، پھر جب پوری زندگی (یا اس کا بیشتر حصہ) قوانین شریعت توڑنے میں گزر گئی۔ جیسا کہ اکثر مسلمانوں کا آج کل حال ہو گیا ہے تو خلاف ورزی پر کتنی سخت سزا ملے گی؟ اس کا اندازہ مشکل نہیں۔

علماء ومصلحین کی ذمہ داری

ہمارے معاشرہ میں خاصی مدت سے میراث کے قوانین کی جس بڑے پیمانہ پر خلاف ورزی ہو رہی ہے اس کی وجہ سے خواص (مصلحین وعلماء) پر خاص طور سے یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس کے خلاف ہر ممکن قدم

---

[1] تفسیر ابن کثیر ص ۴۶۱ مطبوعہ دار الاحیاء الکتب العربیہ

اٹھائیں، ورنہ خطرہ ہے کہ عمومی قانون شکنی کی بنیاد پر اگر عذاب خداوندی آئے تو یہ 'ساکتین' - (خاموش رہنے والے بھی) لپیٹ میں آجائیں (لاقدر اللہ)

قانون ترکہ کی اہمیت

قانون میراث کی اہمیت کا اندازہ لگانے کے لئے تنہا یہ بات کافی ہے کہ قرآن مجید جس میں بالعموم تفصیلی احکام کے بجائے اجمالی احکام اور اصول وقواعد بیان کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے اس میں ترکہ کے تفصیلی احکام دیئے گئے ہیں، یعنی اکثر ورثہ کے حصے بتا دیئے گئے ہیں، اور صرف اسی پر بس نہیں کیا گیا بلکہ درمیان میں۔ ایک سے زائد بار۔ وعدو وعید کا انداز بھی اختیار کیا گیا ہے، اور جن ورثہ کے جو حصے مقرر کئے گئے ہیں ان کے حکیمانہ اور منصفانہ ہونے کا بھی ذکر ہے، آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا۔ وغیرہ میں یہی بات کہی گئی ہے، اس آیت کا مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم وحکمت کے تقاضے سے۔ قرآنی قانون کے مطابق۔ بعض صورتوں میں والدین کو ترکہ میں زیادہ حصہ دلایا ہے اور بعض حالات میں اولاد کو، تو ہو سکتا ہے کہ کسی کو اس تقسیم پر بعض اوقات نظر کی کوتاہی اور علم کی کمی کی بنا پر خلاف مصلحت ہونے کا گمان ہو۔ ایسی صورت

میں خداوند تعالیٰ کی صفات۔ علم وحکمت۔ کو سامنے رکھ کر غلط فہمی کا ازالہ کرلیا جائے۔ علاوہ ازیں حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں علم الفرائض۔ کہ جس سے میراث کے تفصیلی حالات معلوم ہوتے ہیں کو "نصف العلم" کہا گیا ہے اور اس کے سیکھنے سکھانے کی تاکید کی گئی ہے الفاظ حدیث یہ ہیں:

"تعلّموا الفرائض وعلّموها النّاس فانّهٗ نصف العلم[1]

علم فرائض سیکھو اور سکھاؤ کیونکہ یہ نصف علم ہے۔"

اسے "نصف علم" کہنے کی ایک وجہ ابن کثیرؒ نے یہ بتائی ہے کہ "سب لوگوں کا اس سے سابقہ پڑتا ہے[2]" اس علم کی اہمیت کا ہی یہ اثر ہے کہ ہر دور کے ممتاز علماء نے اس کی طرف توجہ دی اور اس موضوع پر کتابیں لکھیں (ان سب کی اصل تعداد اللہ عالم الغیب کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا)

چنانچہ اس موضوع پر مستقل کتابیں لکھنے کا ذکر دوسری صدی ہجری سے ہی ملنے لگتا ہے، صاحب کشف الظنون کی تصریح کے مطابق ابوبکر ایوب السختیانی البصری التابعی (ف ۱۳۱ھ) نے فرائض ایوب البصری کے نام سے کتاب لکھی، اور امام ابوحنیفہؒ نے نیز ان کے معاصرین میں ابن ابی لیلیٰ

---

[1] کشف الخفاء ومزیل الالباس ص ۳۰۸ ج ۱۔ بحوالہ ابن ماجہ۔ دارقطنی، حاکم نسائی، دارمی وغیرہا (اگرچہ اس کی سند میں اصحاب فن نے کچھ کلام کیا ہے)

[2] ابن کثیر ص ۴۵۷ ج ۱ (لانه یبتلی به الناس کلهم)

اور ابن شبرمہ نے بھی فرائض پر کتابیں لکھیں اس کے بعد اس فن پر سب سے زیادہ مبسوط کتاب محمد بن النصر مروزی کی وجود میں آئی اس کے بارے میں ابن السبکی نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ ھو کتاب جلیل القدر لم مزید علی حسنہ (کشف الظنون[1]) اس کے علاوہ بے شمار چھوٹی بڑی کتابیں لکھی گئیں جن میں یوسف بن عبد اللہ القرطبی (ف ۴۶۳ھ) کی فرائض ابن عبد البر مبشر بن احمد بن علی بن حمد الحاسب الشافعی (ف ۵۸۹ھ) کی فرائض ابی الرشید، ابو الرجاء مختار بن محمود الحنفی (ف ۶۵۸ھ) کی فرائض الزاہدی، مشہور کتابیں ہیں، لیکن ان سب میں سراج الدین محمد بن عبد الرشید السجاوندی الحنفی ــــ کی کتاب "الفرائض السراجیہ" (معروف بہ سراجی) کو جو شہرت و قبولیت حاصل ہوئی (اور جس میں اب تک کمی نظر نہیں آتی) وہ کسی اور کتاب کا حصّہ نہ بن سکی اس کی شہرت و قبولیت ہی کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کے شروح و حواشی اتنی کثرت سے لکھے گئے کہ جن کی نظیر نہیں ملتی۔

حاجی خلیفہ کے الفاظ ہیں " واشتغل بشرحها جم غفير من العلماء[2]" اس کے بعد موصوف نے سراجی کی بیس سے زیادہ مستقل شرحوں کا تذکرہ کیا ہے اور پھر حواشی کا، جو ان کے علاوہ ہیں جن کی تعداد

---

[1] کشف الظنون للکاتب چلپی المعروف بہ حاجی خلیفہ (ف ۱۰۶۷ھ) مطبوعہ دار الفکر ۱۴۰۲ھ ۱۹۸۲ء کالم ۱۲۴۵ ج ۲ [2] " " " صفحہ ۱۲۴۸

اس سے بھی زیادہ ہے (ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء) اور آج بھی بحمد اللہ اس موضوع پر چھوٹی بڑی کتابیں برابر لکھی جا رہی ہیں۔ (اللّٰھم زد فزد)

چنانچہ ہمارے ندوی عزیز مولوی محمد ایوب ندوی سلمہٗ اللہ تعالیٰ و وفقہ الاعمال و مدّ فی عمرہٖ استاد جامعہ اسلامیہ بھٹکل۔ جو ایک ذی استعداد عالم اور ذہین و محنتی ہونے کے ساتھ تصنیفی سلیقہ اور فقہ سے خصوصی مناسبت رکھتے ہیں اور متعدد قیمتی کتابوں کے مصنف ہیں۔ نے بھی اس موضوع پر قلم اٹھایا اور ایک مفید رسالہ بنام "تقسیم میراث" لکھا ہے جس کے اندر فقہ شافعی کے مطابق دیگر مکاتب فقہ کی رعایت کرتے ہوئے تقسیم میراث کے تفصیلی احکام بیان کئے گئے ہیں (عزیز موصوف جس علاقہ میں رہتے ہیں اس میں اکثریت فقہ شافعی پر عمل کرنے والوں کی ہے اور وہ خود بھی اسی مسلک کے ہیں) آں عزیز نے اپنے حسن ظن کی بنا پر جو انھیں اس حقیر سے ہے یہ خواہش ظاہر کی کہ راقم ان کا زیرِ نظر رسالہ دیکھے اور اس پر مقدمہ نیز رائے لکھے۔ اپنی بے بضاعتی اور مشاغل اگرچہ اس کی اجازت نہیں دیتے تھے لیکن عزیز گرامی قدر کی فرمائش کی تکمیل کئے بغیر بھی چارہ کار نظر نہیں آیا۔ چنانچہ اس کے لئے وقت نکالا اور رسالہ کا معتد بہ حصہ پڑھ لیا جس سے اندازہ ہوا کہ نوجوان مصنف کو اللہ تعالیٰ نے اس فن سے خاص مناسبت عطا فرمائی ہے اور وہ اپنے رسالہ میں نوخیز نہیں بلکہ کہنہ مشق مصنف اور صاحبِ فن نظر آتے ہیں۔

(اللّٰھُمَّ بارِك لہٗ فِی عمرہٖ وعلمہٖ وعملہٖ ورِزقہٖ)
جتنا حصّہ دیکھا اس میں (لفظی ترمیم واصلاح کی ضرورت کے علاوہ)
کوئی خاص قابلِ اعتراض بات نظر نہیں آئی بلکہ اس اعتراف میں بھی کوئی
تامل نہیں کہ خود راقم کو فائدہ پہنچا اور اس کی معلومات میں اضافہ ہوا۔
اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ رسالہ کو نافع ومقبول بنائے اور
مصنف کی محنت وسعی مشکور فرمائے۔

والسلام
احقر

محمد برہان الدین سنبھلی

دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
۲۴ شوال ۱۴۰۶ھ بمطابق
۲۹ اکتوبر ۱۹۸۶ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

علم الفرائض

وجہ تسمیہ فرائض فریضہ کی جمع ہے اور فرض کے ایک معنیٰ معین کرنے کے بھی ہیں اور فریضہ کے شرعی معنیٰ وارث کے مقررہ حصّہ کے ہیں ورثہ میں عصبات کے مقابلہ میں ذوی الفروض زیادہ ہونے کی وجہ سے اس علم کو علم الفرائض کہتے ہیں۔

تعریف علم الفرائض تقسیم میراث اور حساب کے اُن اصولوں کے جاننے کو کہتے ہیں جن سے ورثہ کے حالات اور اُن کا حصّہ معلوم کیا جائے۔

موضوع اس کا ترکہ ہے یعنی اِس میں میت کی میراث پر بحث کی جاتی ہے۔

غایت یہ ہے کہ ترکہ میں حقداروں میں سے ہر ایک کا حصّہ معلوم ہو جائے۔

فضیلت :۔ حدیث شریف میں آیا ہے؛

تَعَلَّمُوا الفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهَا النَّاسَ فَإِنَّهُ نِصْفُ العِلْمِ[1]۔

یعنی "فرائض کو سیکھو اور اُسے لوگوں کو سکھاؤ بیشک وہ نصف علم ہے"
اس کو نصف علم کہنے کی مختلف وجوہات ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ انسان کی دو حالتیں ہوتی ہیں ایک زندگی کی حالت اور ایک موت کی حالت چونکہ فرائض کے مسائل موت کی حالت سے متعلق ہیں لہٰذا اس کو نصف علم کہا گیا ہے۔

ترکہ

آدمی انتقال کے وقت جن چیزوں کا مالک تھا وہ سب ترکہ و میراث کہلاتی ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ اس کی غیر منقولہ جائیداد مثلاً زمین باغ مکان وغیرہ۔
۲۔ منقولہ جائیداد مثلاً سونا چاندی زیورات سامان تجارت فرنیچر اس کے کپڑے برتن وغیرہ۔

(۳) نقدی

(الف) وہ روپیہ جو نقد کی شکل میں موجود ہو۔
(ب) وہ قرض جو دوسرے کے ذمہ واجب الادا ہو مثلاً ڈپوزٹ کی رقم۔

---

[1] ابن ماجہ صہ ۱۹۹

(ج) وہ روپیہ جو اس نے کسی بینک میں جمع کیا ہو یا اس کے پاس سیونگ سرٹیفکیٹ (Saving Certificate) کی شکل میں موجود ہو، اس جمع شدہ رقم پر جو سود کا اضافہ ہوتا ہے وہ میراث نہیں ہے بلکہ وہ فقراء کا حق ہے۔

(د) لائف انشور کرانا اگرچہ ناجائز ہے لیکن اگر اس نے لائف انشور کرایا ہو یا جتنی رقم پریمیم کی اس نے جمع کی وہ تو اسی کی ملکیت ہے بقیہ رقم کا وہ مالک نہ ہوگا لہذا وہ رقم فقراء میں بلانیت ثواب تقسیم کرنی ہوگی۔

(ر) اگر وہ کسی کمپنی میں ملازم رہا ہو تو پراویڈنٹ فنڈ اور بونس کی رقم سروس گریجویٹی Service gratuity بھی میراث میں شامل ہوگی۔

نوٹ :۔ ملازم کے انتقال پر موت کی تلافی Death Compensation کے طور پر جو رقم ملتی ہے اس میں میراث جاری نہ ہوگی۔ پسماندگان میں سے جن کو کمپنی دے گی اور جس قدر دے گی وہی اس کا مستحق ہوگا۔

مصارفِ ترکہ

میت کے ترکہ سے ترتیب وار چھ حقوق متعلق ہوتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلے عین ترکہ سے جو حق متعلق ہو اس کو ادا کریں گے خواہ وہ حقوق اللہ میں سے ہو جیسے نذر[1] یا حقوق العباد میں سے ہو جیسے رہن[2] اور بقدرِ نصاب مال باقی ہو تو سب سے پہلے زکوٰۃ ادا کریں گے۔

(۲) اس کے مال سے بغیر اسراف و کفایت کے تجہیز و تکفین کا سامان کیا جائے گا۔ اگر وہ فقیر ہو تو وہ شخص اس کا ذمہ دار ہوگا جس کے ذمہ زندگی میں اُس کا نفقہ ہو ورنہ بیت المال اس کا انتظام کرے گا اگر بیت المال کا نظم نہ ہو تو پھر مالدار مسلمانوں کے ذمہ یہ فرض عائد ہوگا اور بیوی چاہے مالدار ہو یا غریب اس کی تجہیز و تکفین کا خرچہ اس کے شوہر کے ذمہ ہوگا۔

(۳) پھر اُس مال سے حقوق اللہ ادا کئے جائیں گے مثلاً حج بدل کفارہ وغیرہ، اسی طرح اگر میت نے زکوٰۃ ادا نہ کی ہو تو میت کی طرف

---

[1] نذر کی صورت یہ ہے مثلاً میں اللہ کے لئے اس جانور کی قربانی کی نذر مانتا ہوں تو اس جانور کو ترکہ سے الگ کریں گے [2] رہن کی صورت یہ ہے کہ مثلاً میت نے قرض لے کر اپنا گھر رہن میں رکھا ہو، تو پہلے اس کے ترکہ سے یا گھر بیچ کر اس کا قرض ادا کیا جائے گا۔

سے سابقہ تمام سالوں کی زکوٰۃ ادا کی جائے گی اور نقد روپیہ نہ ہونے یا ناکافی ہونے کی صورت میں ترکہ کا مال یا جائیداد فروخت کرکے زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔

(۴) پھر اُس مال سے قرض ادا کیا جائے گا[1]

(۵) پھر بقیہ مال کے تہائی حصّہ سے اُس کی وصیت پوری کی جائے گی وارث کے حق میں وصیت صحیح نہیں ہے[2]

(۶) پھر ورثہ میں اس کی میراث تقسیم کی جائے گی ورثہ میں سب سے پہلے ذوی الفروض پھر عصبہ نسبی کو دیں گے اگر یہ دونوں نہ ہوں تو عصبہ سببی کو دیں گے ــــ اگر ورثہ میں صرف ذوی الفروض ہوں اور ان کو دینے کے بعد مال بچ جاتا ہو تو بچا ہوا مال یا ذوی الفروض اور عصبات میں سے کوئی نہ ہو تو پورا مال اسلامی حکومت کے بیت المال میں داخل کیا جائے گا۔ اگر بیت المال نہ ہو یا بیت المال ہو لیکن اس کا نظم ٹھیک نہ ہو تو ذوی الفروض پر رد ہوگا، لیکن زوجین پر رد نہ ہوگا اور اگر ان میں سے کوئی نہ ہو تو ذوی الارحام وارث ہوں گے۔

❊

---

[1] حالت صحت میں اقرار سے ثابت شدہ قرض کو حالت مرض میں اقرار سے ثابت شدہ قرض پر مقدم نہیں کیا جائے گا، حالت مرض میں اگر کوئی آدمی وارث کے حق میں اقرار کرے تو اس کا اقرار مانا جائے گا۔ البتہ دیگر ورثہ اس سے قسم کھلا سکتے ہیں۔

[2] پوتا اولاد کی موجودگی میں چونکہ وارث نہیں ہے لہٰذا اس کے حق میں وصیت درست ہے۔

ہبہ اور وصیّت کے متعلق چند مسائل

عام طور پر وارث کے حق میں وصیت صحیح نہیں ہوتی چاہے اس کی مقدار ایک تہائی مال سے کم ہو لیکن کوئی وارث کے حق میں وصیت کر دے اور وصیت کرنے والے کے انتقال کے بعد تمام بالغ وسمجھ دار ورثہ اس پر راضی ہوں تو اس وقت وارث کے حق میں وصیت صحیح اور نافذ ہوگی۔ مرض الموت کے عطیہ جات و ہبہ بھی وصیّت کے حکم میں ہیں، لہٰذا مرض الموت میں کوئی اپنے وارث کو ہبہ نہیں کر سکتا لیکن اگر کوئی ہبہ کر دے تو اس کا نفاذ اس کے تمام ورثہ کی اجازت پر موقوف ہوگا۔ ہوگا ______ لہٰذا کوئی اپنے مرض الموت میں ایک تہائی مال سے زیادہ کسی غیر وارث کو ہبہ کرے یا وقف کر دے یا خیرات کر دے تو ایک تہائی مال کی حد تک اُس کا وقف وغیرہ صحیح ہوگا اس سے زائد میں صحیح نہیں ہوگا الّا یہ کہ تمام بالغ و عاقل ورثہ کی اجازت ہو اور اگر ورثا میں نابالغ بچے ہوں تو اُس وصیت یا ہبہ کو سنِ رُشد پر موقوف رکھیں گے اور اُن کے بالغ وسمجھدار ہونے پر اُن کی مرضی کے مطابق عمل کریں گے اور اگر ورثہ میں پاگل افراد ہوں جن کے افاقہ کی امید نہ ہو تو ان کے حصہ میں وصیّت نافذ نہ ہوگی۔

اگر کسی آدمی کو یہ خطرہ ہو کہ میرے مرنے کے بعد میرے ورثہ تقسیم میراث کے سلسلہ میں آپس میں جھگڑا کریں گے تو وہ اپنے تمام مال کو ان کے حصہ کے بقدر تقسیم کر کے وصیت کر سکتا ہے لیکن اس وصیت کا نفاذ ورثہ کی اجازت پر موقوف ہوگا اگر ورثہ مورث کے انتقال کے بعد

اس کی تقسیم پر راضی ہوں تو ٹھیک ورنہ دوبارہ تقسیم کر سکتے ہیں۔ اگر باپ اپنی زندگی میں اپنا پورا مال تقسیم کر کے اپنی اولاد وغیرہ کو ہبہ کر کے ان کے حوالہ کرنا چاہے تو بیٹے اور بیٹیوں یا پوتوں اور نواسوں میں مساوات سنّت ہے، کسی کو کچھ دے کر کسی کو محروم کرنا یا کسی کو کم اور کسی کو زیادہ دینا مکروہ ہے اور بعض علماء کے نزدیک حرام ہے لیکن وہ اگر کسی بیٹے یا بیٹی کو حسن سلوک، دین داری یا ضرورت کی وجہ سے زیادہ دینا چاہے تو بلا کراہت دے سکتا ہے۔

چند حل شدہ سوالات

سوال:۔ ذاکر کے انتقال کے وقت اس کا کل ترکہ ۱۵۲۵۰ روپیہ تھا جس میں ایک پانچ سو کا بکرا بھی تھا، ذاکر نے اس بکرے کی قربانی کی نذر مانی تھی اس پر ۵۰۰ قرض تھا، نیز اس نے ایک مدرسہ کے لئے پانچ ہزار روپے کی وصیت کی تھی اس کی

تجہیز وتکفین پر ۲۰۰ روپے خرچ ہوئے بتائیے ورثہ کے لئے کتنی
رقم بچے گی۔

جواب: سب سے پہلے اس کے ترکہ سے اس بکرے کو الگ کریں گے۔
تجہیز وتکفین کے بعد اس کا قرض ادا کیا جائے گا۔

۵۰۰ بکرے کی قیمت
۲۰۰ تجہیز وتکفین
۵۰۰ قرض

۱۵۲۵۰ – ۱۲۰۰ = ۱۴۰۵۰

پھر ۱۴۰۵۰ روپے کے $\frac{1}{3}$ سے اس کی وصیت پوری کی جائے گی۔

۱۴۰۵۰ × $\frac{1}{3}$ = ۴۶۸۳٫۳۳

۱۴۰۵۰ جملہ ترکہ میں سے
۴۶۸۳٫۳۳ – وصیت کے مطابق $\frac{1}{3}$ وضع کرنے سے
۹۳۶۶٫۶۷ روپیہ ورثہ کے لئے بچے گا

سوال: فرید ایک دوکان کا مالک تھا اس نے بیس سال تک دوکان
چلائی، دوکان میں عموماً ایک لاکھ کا مال رہتا تھا لیکن زکوٰۃ کبھی
ادا نہیں کی آخر کار دوکان دیوالیہ ہوگئی اور دوکان ختم ہوگئی اس
کے انتقال کے وقت صرف اس کا ایک لاکھ کا مکان تھا، نقدی روپیہ
کچھ نہیں تھا، اس کی تجہیز وتکفین اس کے بھائی نے اپنی طرف سے

انجام دی، اب ورثہ کے لئے کتنا بچے گا۔

جواب: چونکہ مورث نے زکوٰۃ ادا نہیں کی لہذا اب وارثوں کا فرض ہے کہ سب سے پہلے بیس سال کی زکوٰۃ کا اندازہ لگائیں اگر ایک لاکھ کا اسٹاک رہتا ہو تو اندازاً سالانہ ڈھائی ہزار روپے زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔

$$\frac{۲۰ \times ۲۵۰۰}{۵۰۰۰۰}$$

لہذا بیس سال کی جملہ پچاس ہزار زکوٰۃ واجب ہوگی، اب وہ مکان بیچ کر پہلے پچاس ہزار زکوٰۃ ادا کی جائے گی اور بقیہ پچاس ہزار ورثہ میں تقسیم ہوگا۔

سوال: زید کے انتقال کے وقت اس کے پاس نقد دس ہزار روپے ایک مکان مع فرنیچر اور باغ تھا مکان کی قیمت پچاس ہزار اور باغ کی قیمت ڈیڑھ لاکھ اس نے پچاس ہزار روپے قرض لے کر مکان گروی رکھا تھا اس کی تجہیز و تکفین پر تین سو روپے خرچ ہوئے اور اس پر پہلے کی دو ہزار زکوٰۃ کی رقم واجب الادا تھی، اب وارثوں کے لئے کتنا بچے گا؟

جواب: اس کی وفات پر سب سے پہلے زکوٰۃ ادا کریں گے پھر مکان بیچ کر قرض ادا کریں گے پھر اس کی تجہیز و تکفین کا سامان کریں گے اور

باقی جائیداد ورثہ میں تقسیم ہوگی

قرض	۵۰۰۰۰	کل جائیداد کی رقم	۲۱۰۰۰۰
تجہیز	۳۰۰	جملہ وضع	۵۲۳۰۰
زکوٰۃ	۲۰۰۰	باقی رقم برائے ورثا	۱۵۷۷۰۰
جملہ	۵۲۳۰۰		

سوال: حامد ایک مالدار مستطیع آدمی تھا اور حج فرض ہونے کے باوجود فریضہ حج ادا کئے بغیر اس کا انتقال ہوگیا۔ انتقال کے وقت اس کے پاس کُل ڈیڑھ لاکھ کی جائیداد تھی نیز اس کے اکاؤنٹ میں ۵۰۰۰ روپے تھے اس میں دو ہزار سود کے تھے اس کی تجہیز و تکفین پر اس کے بیٹے نے اپنی طرف سے ۵۰۰ روپے خرچ کئے اب ورثہ کے لئے کتنا مال بچے گا۔

جواب: جائیداد ۔۔۔ ۱,۵۰,۰۰۰

بینک ۔۔۔ ۳۰۰۰ (دو ہزار سود کی رقم ترکہ میں شامل نہیں ہوگی)

کل ترکہ ۱,۵۳,۰۰۰

برائے حج تخمینہ ۔۔۔ ۳۳۰۰۰

وارثوں کا حصہ ۔۔۔ ۱,۲۰,۰۰۰

احناف کے نزدیک مصارف ترکہ کی ترتیب یہ ہے

۱۔ سب سے پہلے بغیر اسراف وکمی کے اس کی تجہیز وتکفین کی جائے گی اس کی تفصیل میں احناف وشوافع کا مسلک یکساں ہے۔

۲۔ پھر اس سے قرض ادا کیا جائے گا۔ ——— گواہوں سے ثابت شدہ قرض اور حالت صحت میں اقرار سے ثابت شدہ قرض کو حالت مرض میں اقرار سے ثابت شدہ قرض سے پہلے ادا کیا جائے گا، قرض کی ادائیگی کے بعد بقیہ مال کے تہائی حصہ سے اس کی وصیت پوری کی جائے گی۔

(۳) اگر میت کے ذمہ حقوق اللہ ہوں مثلاً زکوٰۃ، فرض حج نماز[1] روزہ کا فدیہ یا کفارہ وغیرہ تو اگر میت نے اس کی وصیت کی ہو تو صرف ایک تہائی مال سے اس کی وصیت پوری کی جائے گی اور اگر وصیت نہ کی ہو تو ورثہ کے ذمہ اس کی ادائیگی ضروری نہیں ہے البتہ اگر بلا وصیت میت کی طرف سے کوئی حج کرے تو انشاء اللہ میت کو ثواب مل جائے گا۔

---

[1] احناف کے نزدیک میت کی طرف سے روزہ نہیں رکھ سکتے اور نماز بھی نہیں پڑھ سکتے اور نماز روزہ کا فدیہ نصف صاع گیہوں ہے جو تقریباً پونے دو کلو ہوتا ہے

(۴) پھر ورثہ میں اس کی میراث تقسیم کی جائے گی ورثہ میں سب سے پہلے ذوی الفروض پھر عصبہ نسبی وارث ہوں گے اور اگر یہ دونوں نہ ہوں تو عصبہ سببی وارث ہوں گے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

(۵) ردعلیٰ ذوی الفروض:۔ ذوی الفروض کو دے کر ترکہ بچ جائے اور عصبات نہ ہوں تو زوجین کے علاوہ بقیہ ذوی الفروض پر رد ہوگا۔

(۶) ذوی الارحام:۔ زوجین کے علاوہ اگر کوئی وارث نہ ہو تو زوجین کی موجودگی میں باقی مال کے اور زوجین کی غیر موجودگی میں کل مال کے ذوی الارحام وارث ہوں گے۔

(۷) مولی الموالاۃ:۔ ایسا شخص جس کا کوئی وارث یا ذورحم نہ ہو اس نے ایک آدمی سے معاہدہ کیا ہو تم میرے مولیٰ (کفیل) ہو میری وفات کے بعد میرے وارث تم ہو اگر مجھ سے کوئی جرم ہو جائے تو تم کو تاوان دینا ہوگا اور وہ یعنی مولیٰ اس کو قبول کرلے تو اس شخص کے مرنے کے بعد اگر زوجین میں سے کوئی موجود ہو تو اس کو اپنا حصہ ملے گا اور باقی مال مولیٰ کو ملے گا اور زوجین میں سے کوئی موجود نہ ہو تو پورا مال مولیٰ کو ملے گا لیکن مولیٰ کے مرنے پر اس کا پورا ترکہ اس شخص کو نہیں ملے گا اِلّا یہ کہ یہ معاہدہ جانبین سے ہوا ہو۔

(۸) مقر بالنسب علیٰ غیرہٖ:۔ مثلاً زید کسی مجہول النسب، مثلاً خالد کو اپنا بھائی قرار دے اور زید کے باپ نے خالد کے بیٹا ہونے کا اقرار نہ کیا ہو اور زید اخیر دم تک اس کو بھائی مانتا رہے تو

مندرجہ بالا لوگوں میں کسی دوسرے کے نہ ہونے کی صورت میں اس کو پوری وراثت ملتی ہے، اگر زوجین میں سے کوئی موجود ہو تو اس کو دینے کے بعد باقی ماندہ مال مُقر لہ خالد کو دیا جائے گا اگرچہ اس کے باپ سے مقرلہ کا نسب نہیں ثابت کیا جائے گا۔

(۹) **موصیٰ لہٗ بجمیع المال** :- میت نے کل ترکہ کی کسی شخص کو وصیت کی ہو تو زوجین کا حصہ دلانے کے بعد باقی پورا مال اُسی کو ملے گا یہ اسی صورت میں ہے جبکہ زوجین کے علاوہ وارث نہ ہوں۔

(۱۰) **رَدّ علی الزوجین** : اگر مندرجہ بالا افراد میں سے کوئی نہ ہو تو کل مال زوجہ یا زوج کو ملے گا۔

(۱۱) **بیت المال** :- اگر مندرجہ بالا افراد میں سے کوئی بھی نہ ہو تو اس کے ترکہ کو اسلامی حکومت کے بیت المال میں داخل کیا جائے گا جو رفاہ عامہ میں خرچ ہوگا اگر شرعی بیت المال نہ ہو تو مساجد کے ائمہ و خُدّام، مدارس عربیہ کے اساتذہ و طلبہ، نیز صوفیاء کرام اور ان کے خُدّام کو بطور نذرانہ و ہدیہ دیا جائے لیکن اجرت یا تنخواہ میں نہیں۔ یا فقراء میں خیرات کیا جائے لیکن غنی و امیر کو نہ دیا جائے[1]

---

[1] ضیاء الفرائض بحوالہ مفید الوارثین

چند حل شدہ سوالات

سوال:۔ عامر نے ۵ ہزار روپے ترکہ چھوڑا اس کی تجہیز وتکفین پر ۲۰۰ روپے صرف ہوئے اس پر ایام صحت کا ۴۸۰۰ روپے قرض تھا اور ایام مرض میں اقرار سے ثابت شدہ ایک ہزار کا قرض تھا، بتایئے کہ ہر ایک کو کتنا ملے گا۔

جواب: سب سے پہلے تجہیز وتکفین کے ۲۰۰ روپے علیحدہ کئے جائیں گے پھر حالت صحت کا قرض ادا کیا جائے گا اور چونکہ ترکہ اسی پر ختم ہو گیا لہذا حالت مرض کا قرض ترکہ سے ادا نہ ہو سکے گا۔

سوال: ایک آدمی کا ترکہ ۵۶۳۰ روپیہ کی مالیت کا تھا اس کی تجہیز وتکفین پر ۲۳۰ روپے خرچہ آیا۔ اس نے ایک بکرے کی قربانی کی نذر مانی تھی اور اس پر سو روپے زکوٰۃ واجب تھی اور اس نے اپنے ایک محجوب پوتے کے لئے ۵۰۰ روپے کی وصیت کی تھی۔ اب بتایئے ورثہ کے لئے کیا بچے گا۔

جواب: سب سے پہلے تجہیز وتکفین کے لئے ۲۳۰ روپے کی رقم الگ کی جائے گی اور نذر وزکوٰۃ چونکہ حقوق اللہ میں سے ہے لہذا اس کو ادا نہیں کیا جائے گا۔ وصیت کے مطابق ۵۰۰ روپے پوتے کو دیں گے

تجہیز وتکفین	۲۳۰	ترکہ	۵۶۳۰
وصیت	۵۰۰		۷۳۰
	۷۳۰		۴۹۰۰

باقی ۴۹۰۰ روپے ورثہ میں تقسیم ہوں گے۔

سوال:۔ ایک شخص کا ترکہ ایک لاکھ روپیہ تھا۔ اس کی تجہیز وتکفین پر ۳۰۰ روپے خرچ ہوئے۔ اس نے اپنی طرف سے حج کی وصیت کی تھی اور اس پر ۲۵۰۰ روپے زکوٰۃ ادا کرنی باقی تھی جس کی اس نے وصیت کی تھی اب ورثہ کے لئے کتنا بچے گا۔

جواب: اس کے ترکہ سے ۳۰۰ تجہیز وتکفین کے لئے
۲۵۰۰۰ حج کے لئے
۲۵۰۰ زکوٰۃ

جملہ ترکہ ۱۰۰۰۰۰ ـ ۲۷۸۰۰ = ۷۲۲۰۰

باقی ورثہ کے لئے ۷۲۲۰۰ روپے بچے گا

اسباب ارث

اسباب ارث تین ہیں (۱) قرابت یعنی رشتہ دار ہونا (۲) ولاء یعنی آزاد کرنا[1] (۳) نکاح۔ ان تینوں اسباب پر تمام ائمہ کا اتفاق ہے اور ایک سبب میں اختلاف ہے وہ اسلام ہے جس سے بیت المال وارث ہوتا ہے۔

مطلقہ کا وارث بننا

شوافع کے نزدیک صحبت کے بعد اور احناف کے نزدیک خلوت صحیحہ کے بعد اگر کوئی ایک یا دو طلاق دے تو اس کو طلاق رجعی کہتے ہیں اگر طلاقِ رجعی کے بعد عدت کے اندر بیوی یا شوہر کا انتقال ہوجائے تو وہ ایک دوسرے کے وارث ہوں گے اگر حالت صحت میں (صحبت سے پہلے یا احناف کے نزدیک خلوتِ صحیحہ سے پہلے) طلاق بائن دے یا تین طلاق دے تو عدت کے اندر یا عدت کے بعد زوجین ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے اگر طلاق بائن دینے کا مقصد عورت کو وراثت سے محروم کرنا ہو مثلاً مرض موت میں طلاق دے تو صرف احناف کے نزدیک

---

[1] غلام کے انتقال کے بعد اگر اُس کا کوئی وارث نہ ہو تو آزاد کرنے والا اس کی میراث کا حقدار ہوتا ہے اس کو حق ولاء کہتے ہیں۔

عدت کے دوران شوہر کے انتقال پر مطلقہ بائنہ ومغلظہ بھی اس کی وارث ہوگی۔

ارکان ارث

ارکان ارث تین ہیں (۱) مورث وہ شخص جس کا انتقال ہوگیا ہو۔ (۲) وارث وہ شخص جو مورث کے انتقال کے وقت زندہ ہو یا اُس کا زندوں میں شمار ہو، مثلاً حمل (۳) میراث۔

شرائط ارث

شرائط ارث تین ہیں (۱) وارث کی زندگی کا ثبوت ہو (۲) مورث کے انتقال کا یقین ہو (۳) وارث اور مورث کے درمیان سبب ارث کا علم ہو۔

موانع ارث

چھ چیزیں آدمی کو وراثت سے محروم کردیتی ہیں[1]۔

(۱) غلامی :۔ غلام چاہے جس قسم کا ہو نہ وہ وارث ہوتا ہے اور نہ اس کا کوئی وارث ہوتا ہے لیکن مبعض یعنی نصف غلام اور نصف آزاد وارث تو نہیں ہوتا البتہ اس کے رشتہ دار وارث ہوتے ہیں۔

---

[1] کسی وارث کو عاق کرنا صحیح نہیں ہے نیز عاق کرنے سے بھی وہ محروم نہیں ہوتا اسی طرح زندگی میں کچھ مال دے کر الگ کردینے سے بھی وہ وراثت سے محروم نہیں رہتا۔

(۲) قتل۔ قتل غلطی سے یا عمداً کسی حق کی وجہ سے ہو یا ناحق بہرحال مورث کے قتل میں وارث کا کچھ بھی حصہ ہو مثلاً اس کنویں میں گر جائے جس کو وارث نے بنوایا ہو، یا مورث کے قتل کی گواہی دی ہو اور وارث کی گواہی پر مورث کو قتل کیا گیا ہو تو یہ وارث محروم ہو جائے گا۔

(۳) اختلافِ دین:۔ مسلمان غیر مسلم کا اور غیر مسلم مسلمان کا وارث نہیں ہوتا، البتہ غیر مسلم یہود و نصاریٰ مجوس و مشرکین آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں لیکن مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک وہ آپس میں وارث نہیں ہوتے۔

(۴) ذمی حربی کا وارث نہیں ہوتا۔ ذمی ذمی کا اور حربی حربی کا وارث ہوتا ہے، معاہد اور مستامنؔ ذمی کے حکم میں ہوتے ہیں لہذا مستامن کسی حربی کا وارث نہیں ہوگا ایک ملک کا حربی دوسرے ملک کے حربی کا وارث ہوگا۔

(۵) ارتداد:۔ مرتد کسی کا وارث یا مورث نہیں ہوتا حتیٰ کہ اگر دو مسلمان بھائی عیسائی ہو جائیں تو ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے اور اس کا پورا مال فئ (غنیمت) کے حکم میں ہوگا۔

لہ مستامن وہ شخص ہے جو دارالحرب سے دارالاسلام میں اجازت سے (مثلاً ویزا پر) آیا ہو اُن میں سے ہر ایک دارالاسلام میں اپنے رشتہ داروں کا وارث ہوگا اور دارالحرب کے اپنے وطنی بھائیوں کا وارث نہ ہوگا۔

(۶) استبہام وقتِ موت :۔ دو بھائی کسی دیوار کے نیچے دب جائیں یا دریا میں ڈوب جائیں یا ایکیڈنٹ ہوکر مرجائیں اور پہلے جس کا انتقال ہوا اِس کا تعین نہ ہوسکے تو وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوں گے یہی احناف کا بھی مسلک ہے ۔

احناف کے نزدیک موانع ارث چھ ہیں

(۱) غلامی چاہے ناقص ہو یا تام ۔

(۲) قتل :۔ وہ قتل جس سے کفارہ یا قصاص واجب ہوتا ہو۔ قتل عمدٌ، عدوان سے صرف قصاص واجب ہوتا ہے اور شبہ عمد، خطا، اور خطا جیسی چیزوں سے[1] کفارہ واجب ہوتا ہے۔

(۳) اختلاف دین[2]

(۴) اختلاف دار، حتی کہ مستامن اور معاہد بھی حربی کے حکم میں ہوتے ہیں لہٰذا وہ اپنے ہم وطن حربی کا وارث ہوگا اور دار الاسلام میں کسی کا وارث یا مورث نہیں ہوگا اور ایک ملک کا حربی دوسرے ملک کے حربی کا وارث نہیں ہوگا، اختلافِ دار کفار کے حق میں

---

[1] جیسے پیر پھسل کر کوئی کسی پر گرجائے اور وہ مرجائے یعنی جس پر گرا ہے وہ شخص مرجائے ۔

[2] اس کی تفصیل میں شوافع و احناف کا مسلک یکساں ہے۔

مانعِ ارث ہے، مسلمانوں کے حق میں نہیں ہے[1]

(۵) ارتداد:۔ مرتد کا پورا مال اور مرتدہ کا حالتِ اسلام میں کمایا ہوا مال ان کے ورثہ کا ہے، اور مرتد کا حالت ارتداد میں کمایا ہوا مال بیت المال میں داخل کیا جائے گا[2]

(۶) استبہامِ وقتِ موت

رشتوں کے عربی نام

ابٌ	باپ	اخت لام	اخیافی بہن
جدٌ	دادا	ولد لام	اخیافی بھائی یا بہن
زوجٌ	شوہر	اخت لاب و ام	حقیقی بہن
زوجۃٌ	بیوی	جدہ	دادی نانی
اخ لاب و ام	حقیقی بھائی	بنت	بیٹی
اخ لام	اخیافی بھائی	بنت الابن	پوتی
اخ لاب	علاتی بھائی	بنت البنت	نواسی
اخت لاب	علاتی بہن	ابن	بیٹا

---

[1] لیکن بعض صورتیں اس سے مستثنیٰ ہیں مثلاً کافر باپ دارالحرب میں اسلام قبول کرے اور اس کا ایک مسلمان بیٹا دارالاسلام میں ہو تو وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوں گے۔ بحوالہ دلیل الوارث ص۲۸ [2] التحفۃ الخیریہ ص۱۲

ابن الابن	پوتا	بنت العمۃ	پھوپی زاد بہن
عمّ	چچا	اب الاب	دادا
عم لاب	علاتی چچا	اب اب الاب	پردادا
عم لام	اخیافی چچا	ام الام	نانی
عمۃ	پھوپی	ام ام الام	پرنانی
ابن الاخ	بھتیجا	ام الاب	دادی
بنت الاخ	بھتیجی	ام اب الاب	باپ کی دادی
ابن الاخت	بھانجا	ام اب الام	ماں کی دادی
بنت الاخت	بھانجی	ام اب ام الاب	دادی کی دادی
ابن العم	چچازاد بھائی	ام ام اب الاب	دادی کی نانی
بنت العم	چچازاد بہن	اب اب ام الام	نانی کا دادا
ابن العمۃ	پھوپی زاد بھائی	اب ام الاب	باپ کا نانا

ورثہ

مردوں میں ورثہ پندرہ ہیں (۱) بیٹا پوتا پرپوتا تا آخر (۳) باپ (۴) دادا پردادا تا آخر (۵) حقیقی بھائی (۶) علاتی بھائی (۷) اخیافی بھائی (۸) حقیقی بھتیجا (۹) علاتی بھتیجا (۱۰) حقیقی چچا (۱۱) علاتی چچا[1]

---

[1] حقیقی وعلاتی بھتیجوں کی اولاد نیز باپ و دادا کا چچا بھی وارث ہوتا ہے۔

(۱۲) حقیقی چچا زاد بھائی (۱۳) علاتی چچا زاد بھائی[1] (۱۴) شوہر (۱۵) آزاد کرنے والا اور اس کے عصبہ۔

عورتوں میں ورثہ دس ہیں :۔

(۱) بیٹی (۲) پوتی (۳) ماں (۴) نانی (صحیحہ) (۵) دادی (صحیحہ)
(۶) حقیقی بہن (۷) علاتی بہن (۸) اخیافی بہن (۹) بیوی (۱۰) آزاد کرنے والی[2]

یہ تمام ورثہ کبھی یک وقت وارث نہیں ہوتے بلکہ بعض کی موجودگی میں بعض حصہ نہیں پاتے البتہ ان میں سے چھ افراد ایسے ہیں جو کبھی محجوب نہیں ہوتے۔

(۱) شوہر (۲) بیوی (۳) ماں (۴) باپ (۵) بیٹا (۶) بیٹی

ذوی الارحام

وہ تمام رشتہ دار جو ذوی الفروض یا عصبہ میں سے نہ ہوں ذوی الارحام کہلاتے ہیں۔ ذوی الارحام گیارہ ہیں :۔

(۱) بہن کی اولاد (خواہ حقیقی ہو یا علاتی یا اخیافی) (۲) اخیافی بھائی

---

[1] دور کے حقیقی و علاتی چچا زاد بھائی مثلاً باپ یا دادا کے چچا کے بیٹے بھی وارث ہوتے ہیں۔

[2] ناجائز اولاد یا متبنّٰی کا میراث میں کوئی حق نہیں ہے۔

کی اولاد (۳) بیٹی و پوتی کی اولاد یعنی نواسہ و نواسی (۴) بھتیجی (خواہ حقیقی ہو یا علاتی یا اخیافی (۵) چچازاد بہن (۶) اخیافی چچا (۷) نانا، (۸) ماں کی دادی (۹) ماموں (۱۰) خالہ (۱۱) پھوپی۔

یہ افراد اور ان کے واسطے سے جو بھی رشتہ دار ہوں اس وقت وارث ہوں گے جبکہ حقیقی ورثہ نہ ہوں یا حقیقی ورثہ میں صرف زوجین میں سے کوئی ہو اور بیت المال نہ ہو یا اس کا نظام بگڑ گیا ہو لیکن احناف کے نزدیک ذوی الارحام کو وارث بنایا جائے گا خواہ بیت المال کا نظام درست ہی کیوں نہ ہو۔

ذوی الفروض

قرآن مجید میں چھ ۶ حصے مقرر ہیں :

(۱) نصف آدھا $\frac{1}{2}$ = $\frac{50}{100}$ (۲) رُبع - پاؤ $\frac{1}{4}$ = $\frac{25}{100}$
(۳) ثُمن - آٹھواں $\frac{1}{8}$ = $\frac{12\frac{1}{2}}{100}$ (۴) ثُلث دو تہائی $\frac{2}{3}$ = $\frac{66\frac{2}{3}}{100}$
(۵) ثُلث - ایک تہائی $\frac{1}{3}$ = $\frac{33\frac{1}{3}}{100}$ (۶) سُدس چھٹا $\frac{1}{6}$ $\frac{16\frac{2}{3}}{100}$

شریعت نے جن ورثہ کے لئے حصہ متعین کیا ہے ان کو ذوی الفروض کہتے ہیں۔ ذوی الفروض کل بارہ ہیں ان میں چار مرد اور آٹھ عورتیں ہیں۔

مرد ذوی الفروض یہ ہیں :-

(۱) باپ (۲) دادا (۳) اخیافی بھائی (۴) شوہر۔

عورتوں میں ذوی الفروض یہ ہیں :-

(۱) بیٹی (۲) پوتی پھر پوتے کی بیٹی (۳) بیوی (۴) حقیقی بہن (۵) علاتی بہن (۶) اخیافی بہن (۷) ماں (۸) جدہ صحیحہ (نانی، دادی)

ذوی الفروض کی حالتیں

باپ

(۱) باپ کی تین حالتیں ہیں:

(۱) لڑکے یا پوتے کی موجودگی میں $\frac{1}{6}$

باپ	بیٹا
$\frac{1}{6}$	

(۲) صرف لڑکی یا پوتی کی موجودگی میں چھٹا حصہ ملے گا اور عصبہ بھی ہوگا۔

بیٹی	پوتی	باپ
		$\frac{1}{6}$ وعصبہ

(۳) میت کی اولاد کی غیر موجودگی میں صرف عصبہ

شوہر	باپ
	عصبہ

دادا

باپ کی غیر موجودگی میں دادا[1] کی وہی حالتیں ہیں جو باپ کی ہیں البتہ

[1] یہاں دادا سے مراد جد صحیح ہے جد صحیح اس جد کو کہتے ہیں جس کے میت سے رشتہ دار ہونے میں بیچ میں عورت نہ پڑے اگر بیچ میں عورت پڑے تو اس کو نانا یعنی جد فاسد کہتے ہیں جیسے ماں کا باپ یا دادی و نانی کا باپ۔

مندرجہ ذیل پانچ صورتوں میں مسئلہ مختلف ہے۔

باپ

(۱) باپ کی موجودگی میں تمام بھائی محجوب ہوتے ہیں۔

باپ	بھائی
عصبہ	م۔

(۲) باپ کبھی محجوب نہیں ہوتا

(۳) اگر مسئلہ میں شوہر باپ ماں ہوں تو باپ کو بطور عصبہ ۱/۲ ملتا ہے

۶		
شوہر	باپ	ماں
۳	۲	۱

دادا

(۱) دادا کی موجودگی میں صرف اخیافی بھائی محجوب ہوتے ہیں اور حقیقی وعلاتی بھائی دادا کی موجودگی میں حصہ پاتے ہیں، احناف کے نزدیک دادا کی موجودگی میں تمام بھائی محجوب ہوتے ہیں۔ تفصیل مقاسمۃ الجد میں آئے گی

۳	
دادا	تین بھائی
۱	۲

(۲) دادا باپ کی موجودگی میں محجوب ہوتا ہے۔

(۳) اگر اسی مسئلہ میں شوہر، دادا ماں ہوں تو دادا کو ۱/۲ ملتا ہے

۶		
شوہر	دادا	ماں
۳	۱	۲

(۴) اگر مسئلہ میں بیوی باپ، ماں ہوں تو باپ کو بطور عصبہ نصف ملتا ہے

۴

بیوی	باپ	ماں
۱	۲	۱

(۴) اگر مسئلہ میں بیوی، دادا، ماں ہوں تو دادا کو باقی ۵/۱۲ ملتا ہے۔

۱۲

بیوی	دادا	ماں
۳	۵	۴

(۵) اگر عصبہ سببی میں آزاد کرنے والے کے باپ اور حقیقی یا علاتی بھائی ہوں تو باپ بھائیوں کو محجوب کرے گا۔

آزاد کرنے والے کا باپ
عصبہ

آزاد کرنے والے کے بھائی
م

(۵) اگر اسی مسئلہ میں باپ کی جگہ دادا ہو تو بھائی دادا کو محجوب کرے گا۔

آزاد کرنے والے کا داد
م

آزاد کرنے والے کے بھائی
عصبہ

اخیافی بھائی بہن

اخیافی بھائی اور اخیافی بہن کی تین حالتیں ہیں[1]

(۱) ایک ہو تو ۱/۶

شوہر	اخیافی بھائی
	۱/۶

[1] اخیافی بھائی اور بہن دونوں کا برابر حصہ ہے۔

(۲) دو یا دو سے زائد ہوں تو ⅓ — بیوی | دو اخیافی بھائی
⅓

(۳) میت کے بیٹے، پوتے بیٹی پوتی اور باپ دادا کی موجودگی میں یہ محجوب ہوں گے۔
باپ | اخیافی بھائی بہن
عصبہ | م

شوہر

شوہر کی دو حالتیں ہیں:

(۱) بیوی کی اولاد کی موجودگی میں ¼ — بیٹا | شوہر
¼

(۲) بیوی کی اولاد کی غیر موجودگی میں ½ — ماں | شوہر
½

مشق ۱

مندرجہ ذیل صورتوں میں باپ دادا، شوہر اخیافی بھائی بہن کے حصے بتائیے۔

(۱) شوہر باپ بیٹا (۲) شوہر باپ
(۳) باپ بیٹی (۴) شوہر باپ پوتی
